# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 04 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۴؍ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو آج لاتور اور ناندیڑ کے دورے پر ' اُدگیر میں بودھ وِہار کا افتتاح کریں گی**

☆ **موسلا دھار بارش کی وجہ سے ہوئے نقصانات کے پنچ نامے کر کے جلد از جلد راحتی کام کیے جائیں' وزیر اعلیٰ کی ہدایت**

☆ **دیرینہ مطالبات کے لیے ایس ٹی ملازمین ہڑتال پر ' آج وزیر اعلیٰ کے ساتھ کریں گے بات چیت**

**اور**

☆ **پیرس پیرا لمپک میں کل بھارت نے مزید 5 ؍ تمغے جیتے**

**اب خبریں تفصیل سے...**

صدرِ جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو آج لاتور اور ناندیڑ ضلعے کا دورہ کریں گی۔ وہ اب سے ڈیڑھ گھنٹہ بعد یعنی ساڑھے دس بجے کے آس پاس ناندیڑ طیرانگاہ پہنچیں گی۔ وہاں سے وہ ہیلی کاپٹر کے ذریعے اُدگیر کے لیے روانہ ہوں گی۔ وہاں نوتعمیر کردہ بودھ وِہار کا افتتاح صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں کیا جائے گا۔ اِس کے بعد وہ وزیر اعلیٰ خواتین کو با اختیار بنانے کی مہم اور حکومت آپ کے در پر نامی مشترکہ مہم میں حصہ لیں گی۔ سہ پہر ساڑھے چار بجے کے آس پاس وہ ناندیڑ طیرانگاہ واپس لوٹیں گی اور سوا پانچ بجے تخت شری سچ کھنڈ حضور صاحب گرودوارا جائیں گی۔ اِس کے بعد شام تقریباً 6 ؍ بجے صدرِ جمہوریہ ناندیڑ طیرانگاہ سے دِلّی کے لیے روانہ ہو جائیں گی۔

***** ***** *****

اِسی دوران کل ممبئی میں مہاراشٹر قانون ساز کونسل کا صد سالہ جشن صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو کی خصوصی موجودگی میں منایا گیا۔ اِس موقعے پر اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ خواتین کی جانب دیکھنے کا نظریہ بدلنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انھوں نے کہا کہ خواتین کی ہمہ جہت ترقی کے بغیر ملک کی ترقی ممکن نہیں ہے۔

اِس تقریب میں سال 2018ء سے اب تک بہترین اراکین کے ایوارڈس تقسیم کیے گئے۔ یہ ایوارڈ پانے والوں میں قانون ساز کونسل کی ڈپٹی چیئر پرسن ڈاکٹر نیلم گورہے ' اسمبلی کے نائب اسپیکر نرہری جھِر واڑ ' باڑا صاحیب تھورات ' مہا دیو جانکر ' گوپی چند پڈڑکر ' سدا بھاؤ کھوت ' سُجیت سنگھ ٹھاکُر ' ستیش چوہان ' آنجہانی وِنائک میٹے ' پرکاش سوڑنکے ' سنجئے شِرساٹ ' پرشانت بمب ' گوپی کشن باجوریا ' وکرم کاڑے ' عبداللہ خان درانی ' پرگیا ساتو ' ابھیمنیو پوار ' رمیش بورنارے اور رام سات پُتے وغیرہ معززین کا شمار ہے۔

***** ***** *****

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے کل چیتیہ بھومی پر جاکر بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحیب امبیڈکر کی یادگار پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ اِسی طرح سمبائسس یونیورسٹی کے جلسہ تقسیم اسناد میں بھی خطاب کیا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ E-governance کے سبب وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کی رقم بروقت خواتین کے کھاتوں میں جمع کرنا ممکن ہوا ہے۔ وہ کل ممبئی میں E-governance کے موضوع پر منعقدہ 27/ ویں قومی کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں بول رہے تھے۔ اِس کانفرنس کا عنوان ہے '' ترقی یافتہ بھارت محفوظ اور ابدی ای خدمات کی فراہمی '' اِس تقریب میں ملک بھر سے ماہرین اور متعدد ریاستوں کے سرکاری افسران موجود تھے۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ملک بھر میں E-governance کو اختیار کرنے والی مہاراشٹر پہلی ریاست ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے مراٹھواڑہ اور وِدربھ کے کئی حصوں میں موسلا دھار بارش کے سبب ہوئے نقصانات کے پنچ نامے جلد از جلد کر کے راحتی کام کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انھوں نے انتظامیہ کو ہدایت دی کہ فصلوں ' مویشیوں اور گھروں کو پہنچے نقصان کی مکمل معلومات حاصل کریں۔ اسی طرح جن افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے اُن کی ہر ممکن معاونت کی جائے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑے کے بیشتر اضلاع کے سرپرست وزراء نے موسلا دھار بارش کے باعث ہوئے نقصانات کا کل معائنہ کیا۔ بیڑ ضلعے کے پرلی میں نگراں وزیر دھننجئے منڈے نے ، پربھنی ضلعے میں رکن اسمبلی رتنا کر گٹے ، رکن اسمبلی میگھنا بورڈیکر اور رکن اسمبلی راہل پاٹل نے اِسی طرح ناندیڑ اور لاتور ضلعے میں گیریش مہاجن نے نقصانات کا معائنہ کیا۔ جالنہ ضلعے کے گھن ساوَنگی تعلقے میں موسلا دھار بارش کے باعث ہوئے نقصانات کا رکن اسمبلی راجیش ٹوپے نے معائنہ کیا۔ اِسی طرح منٹھا اور پرتور تعلقے میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے ہوئے نقصانات کا رکن اسمبلی ببن راوَ لونیکر نے جائزہ لیا۔

چھترپتی سنبھاجی نگر اور ہنگولی ضلعے میں نگراں وزیر عبدالستار نے کل موسلا دار بارش کے سبب ہوئے نقصانات کا معائنہ کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے نقصانات کے پنچ نامے جلد از جلد کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے بھوکر تعلقے میں رینا پور سے گزرنے والی ندی میں تیرنے گیا ایک نوجوان تیز بہاوَ میں بہہ گیا۔ اِسی طرح ندی میں تیرتے ہوئے ایک شخص گال میں اُلجھ گیا تھا اُسے نکالنے ندی میں اُترے 2/افراد بھی بہہ گئے۔ اُن دونوں کی تلاش جاری ہے۔

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے کنڑ میں اتوار کے روز ندی میں آئے سیلاب میں بہہ جانے والے نو جوان کو کل تلاش کر لیا گیا۔

ہنگولی ضلعے میں 2/افراد سیلاب میں بہہ جانے کی وجہ سے اُن کی موت واقع ہوگئی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے میں تقریباً 2/لاکھ 58/ہزار 898/ہیکٹر پر کھڑی فصلوں کا نقصان ہوا ہے۔ 100/سے زیادہ پالتو جانور ہلاک ہو گئے ہیں۔ اور 632/مکانات منہدم ہونے کی خبر ہے۔

***** ***** *****

جالنہ شہر کو آب رسانی کرنے والے گھانے واڈی آبی ذخیرے کی سطح آب 12 ؍فیٹ تک پہنچ چکی ہے۔ بھوکردن تعلقے کے شیلود میں واقع دھامن ڈیم صد فیصد بھر چکا ہے۔جس کے سبب بھوکردن شہر سمیت پورے تعلقے کے 25 ؍دیہاتوں کو پانی کی بے فکری ہوگئی ہے۔ پربھنی ضلعے کے تقریباً سبھی بڑے آبی ذخائر بھر چکے ہیں۔ اِن میں ماسوڑی ڈیم صد فیصد بھر چکا ہے۔اِسی طرح لوئر دودھنا 62 ؍فیصد اور یلدری ڈیم 53 ؍فیصد بھر چکا ہے۔

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کا جائیکواڑی ڈیم 90 ؍فیصد سے زیادہ بھر چکا ہے۔ لہذا کسی بھی وقت ڈیم سے گوداوری ندی میں پانی چھوڑا جاسکتا ہے۔ متعلقہ انتظامیہ نے ندی کنارے آباد سبھی دیہاتوں کو چوکس رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

بلڈھانہ ضلعے کا کھڈک پورنا آبی ذخیرہ مکمل طور پر بھر چکا ہے۔لہذا ڈیم کے تمام 19 ؍دروازے کل کھول دیے گئے ہیں۔ انتظامیہ نے وین گنگا ندی کنارے آباد 31 ؍ دیہاتوں کو چوکنا رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

***** ***** *****

پن بجلی پیدا کرنے کے منصوبے کے لیے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں کل 7 ؍مختلف کمپنیوں کے ساتھ معاہدے کیے گئے۔ اس موقعے پر جناب پھڑنویس نے کہا کہ اِن منصوبوں کے ذریعے 40 ؍ہزار 870 ؍میگا واٹ بجلی تیار کی جائے گی۔ اِس کے علاوہ ریاست میں 2 ؍لاکھ 14 ؍ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری ہونے کی بھی توقع ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اِن پن بجلی منصوبوں کے سبب 72 ؍ہزار سے زیادہ روزگار کے مواقع بھی دستیاب ہوں گے۔ جناب پھڑنویس نے مزید کہا کہ ریاستی معیشت کو 3 ؍ٹریلین ڈالر تک پہنچانے کی سمت یہ ایک بڑا اقدم ہے۔

***** ***** *****

اسٹیٹ ٹرانسپوٹ کارپوریشن ایس ٹی کے ملازمین کی متحدہ ٹاسک فورس نے اپنے دیرینہ مطالبات کی تکمیل کے لیے بے مدت ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ اِس کی وجہ سے کل ریاست بھر میں ایس ٹی بسوں کے تقریباً 12 ؍ہزار دورے منسوخ ہو گئے۔

اِسی دوران وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے آج ممبئی میں مذکورہ ٹاسک فورس کی میٹنگ طلب کی ہے۔عین تہواروں کے دنوں میں مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے ایسے کسی بھی کام سے گریز کریں۔ اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے اپنے ملازمین سے یہ اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

پیرس پیرالمپک میں بھارتی کھلاڑیوں نے کل 5 / تمغے جیتے ۔لڑکیوں کی 400 / میٹرٹی ٹوئنٹی دوڑ میں دیپتی جیون جی نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔اِسی طرح مردوں کی لمبی چھلانگ T-63 / زمرے میں شرد کمار نے چاندی کا تمغہ اور مریپّن تھنگاویلو نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں کے نیزہ بازی F-46 / زمرے میں اجیت سنگھ نے چاندی کا اور سُندر گرجرن نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

اِس پیرالمپک میں بھارتی کھلاڑیوں نے اب تک 3/ سونے کے 8/ چاندی کے اور 9/ کانسے کے تمغے اِس طرح کُل 20/ تمغے حاصل کر لیے ہیں۔

***** ***** *****

خلدآباد کی سرزمین میں آرام فرما حضرت شیخ منتجیب الدین زرزری زربخشؒ کے عرس کا اہتمام آئندہ 9/ سے 17/ تاریخ کے دوران کیا جائے گا۔ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے اِس عرس میں زائرین اور خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بہترین بندوبست کرنے کا ہدایت دی ہے۔ وہ کل خلدآباد عرس سے قبل تیاریوں کے جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو آج لاتور اور ناندیڑ کے دورے پر ' اُدگیر میں بودھ وِہیار کا افتتاح کریں گی**
- ☆ **موسلادھار بارش کی وجہ سے ہوئے نقصانات کے پنچ نامے کر کے جلد از جلد راحتی کام کیے جائیں ' وزیر اعلیٰ کی ہدایت**
- ☆ **دیرینہ مطالبات کے لیے ایس ٹی ملازمین ہڑتال پر ' آج وزیر اعلیٰ کے ساتھ کریں گے بات چیت**

**اور**

- ☆ **پیرس پیرالمپک میں کل بھارت نے مزید 5 / تمغے جیتے**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**